## وزارت عظمیٰ کے نامزد امیدوار راجہ پرویز اشرف کی ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو، انتخاب میں حمایت پر دلی شکریہ ادا کیا

### آپکی طرح میں بھی گراس روٹ سے تعلق رکھتا ہوں، مجھے فخر ہے کہ آپ نے اپنا دستِ شفقت میرے سر پر رکھا ہے۔ راجہ پرویز اشرف

### جناب الطاف حسین نے راجہ پرویز اشرف کو وزارت عظمیٰ کیلئے امیدوار نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کی

### اپنی پارٹی سے وفا بنیادی چیز ہے اور کڑے وقت میں وفا نبھانے والے ہی عزت و مرتبہ حاصل کرتے ہیں۔ الطاف حسین

### ملک کو سنگین مسائل اور بحرانوں کا سامنا ہے، اللہ تعالیٰ ان مسائل کو حل کرنے کیلئے آپ کو ہمت و استقامت عطا کرے

### وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی بھی الطاف حسین سے گفتگو، نازک اور کڑے وقت میں پیپلز پارٹی کے ساتھ بھرپور تعاون اور حمایت کرنے پر صدر آصف زرداری کی جانب سے خصوصی شکریہ ادا کیا

لندن:۔۔۔22، جون 2012ء

وزارت عظمیٰ کیلئے پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار راجہ پرویز اشرف نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور وزارت عظمیٰ کے انتخاب میں حمایت پر جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی پوری قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ راجہ پرویز اشرف نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی طرح میں بھی گراس روٹ سے تعلق رکھتا ہوں اور مجھے فخر ہے کہ آپ نے اپنا دستِ شفقت میرے سر پر رکھا ہے۔ چیلنجز بہت ہیں، دعا کریں کہ ہم سب ملکر ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالیں۔ جناب الطاف حسین نے راجہ پرویز اشرف کو وزارت عظمیٰ کیلئے امیدوار نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ آپ پیپلز پارٹی میں گراس روٹ سے کام کرتے ہوئے اس مقام تک پہنچے ہیں۔ اپنی پارٹی سے وفا بنیادی چیز ہے اور کڑے وقت میں وفا نبھانے والے ہی عزت و مرتبہ حاصل کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے راجہ پرویز اشرف سے کہا کہ اس وقت ملک کو بہت سے سنگین مسائل اور بحرانوں کا سامنا ہے، اللہ تعالیٰ ان مسائل کو حل کرنے کیلئے آپ کو ہمت و استقامت عطا کرے اور آپ کو کامیاب کرے۔ راجہ پرویز اشرف نے جناب الطاف حسین کی دعاؤں اور ہمت افزائی پر ان کا دلی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے بھی جناب الطاف حسین سے گفتگو کی اور نازک اور کڑے وقت میں پیپلز پارٹی کے ساتھ بھرپور تعاون اور حمایت کرنے پر صدر آصف زرداری کی جانب سے جناب الطاف حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور جمہوریت کی بقاء کیلئے ان کے کردار کو سراہا۔

## 24 جون کو جناح گراؤنڈ میں ہونے والا پختونوں کا جلسہ عام ملک بھر کے عوام بالخصوص پختونوں کیلئے تاریخی اور اہم سنگ میل ثابت ہوگا، الطاف حسین

### جلسہ تمام قومیت میں بھائی چارے اور محبت کے پیغام کو عام کرے گا پختون عوام جلسہ میں زیادہ سے زیادہ اور بھرپور شرکت کر کے اسے تاریخی بنائیں

### جلسہ عام کی تیاریوں میں دن رات مصروف صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران وارکان، پختون، ہزاروال، گلگت بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان کو دل کی گہرائیوں سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا

### خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی اور پختون ساتھیوں سے گفتگو

لندن:۔۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ 24 جون کو جناح گراؤنڈ میں ہونے والا پختونوں کا جلسہ عام ملک بھر کے عوام خصوصاً پختونوں کیلئے تاریخی اور اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور پختونوں سمیت تمام قومیتوں میں بھائی چارے اور محبت کے پیغام کو عام کرے گا۔ یہ بات انہوں نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی اور پختون ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف تمام تحریکی کارکنوں سے کہا کہ جو جو ساتھی تحریک اور تنظیم کیلئے کام کر رہے ہیں میں ان کے لئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کے عقل، شعور اور جذبے میں اضافہ کرے اور انہیں ہمیشہ تنظیم کے رشتہ سے مضبوط سے مضبوط بنائے۔ انہوں نے جناح گراؤنڈ عزیز میں پختونوں کے تاریخی جلسہ عام کی تیاریوں میں دن رات مصروف صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران وارکان، پختون، ہزاروال، گلگت بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان کو دل کی گہرائیوں سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے پختون عوام سے اپیل کی کہ وہ 24 جون بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ میں زیادہ سے زیادہ اور بھرپور شرکت کر کے اسے تاریخی بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں

## ٹیلی وژن کے ممتاز کمپیئر، ادیب، ماہرلسانیات عبیداللہ بیگ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی وژن کے ممتاز کمپیئر، ادیب، ماہرلسانیات عبیداللہ بیگ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبیداللہ بیگ مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطافرمائے ( آمین )

## 24جون کا جلسہ عام پیارومحبت، امن وآتشی، بھائی چارے اور یگانگت کا پیغام لیکرآئے گا، ڈپٹی کنویزانیس قائم خانی

## ایم کیوایم کے تحت 24جون 2012ءکوہونیوالا جلسہ عام تاریخی جناح گراؤنڈعزیزآباد میں ہوگا، تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرانیس قائم خانی اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جناح گرؤانڈعزیزآباد میں جلسہ گاہ کا دورہ کیا

## تیاریوں میں مصروف کارکنان کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش

کراچی:۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیرِاہتمام ہونے والا جلسہ عام مورخہ 24جون 2012ء بروز اتوارکوتاریخی جناح گروانڈعزیزآباد میں منعقدکیا جارہاہے جس کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویزانیس قائم خانی اراکین رابطہ کمیٹی گلفرازخان خٹک، کنورنویدجمیل، جاویدکاظمی، واسع جلیل، سلیم تاجک، سیدشاکرعلی ،وسیم آفتاب نے پختون وہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج اسلم آفریدی، شکیل عباسی کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ جمعہ کے روز تاریخی جناح گرؤانڈعزیزآباد میں ہونے والے جلسہ گاہ کا دورہ کیااور تیاریوں کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کنویزانیس احمد قائم خانی نے جلسہ گاہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنوں کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورکہا کہ انشاءاللہ 24، جون کا جلسہ شہر میں قیام امن کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگااور یہ جلسہ عام پیارومحبت، امن وآتشی، بھائی چارے اور یگانگت کا پیغام لیکرآئے گا۔

## ہری پور میں بااثرافراد کے ہاتھوں اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی معصوم بچیوں کوفوری انصاف فراہم کیا جائے، حیدرعباس رضوی

## قوتِ سماعت وگویائی سے محروم معذوربچیوں کواغواء کے بعدزیادتی کا نشانہ بنانے کے عمل نے پوری انسانیت کا سرشرم سے جھکادیا ہے

## زیادتی کا نشانہ بننے والی بچیوں سے اظہارہمدردی ایم کیوایم معصوم بچیوں کوانصاف دلانے کیلئے ہرفورم پرآوازبلندکریگی

کراچی:۔۔۔22، جون 2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی اورمتحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی نے صوبہ خیبرپختونخواہ کے ضلع ہری پور میں 5بااثرافرادکی جانب سے دوقوت سماعت سے محروم معذورسگی بہنوں کواغواءکرکے دوروزتک اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورمعصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کوکھلی درندگی قراردیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچیوں کوانصاف فراہم کیا جائے اوراجتماعی زیادتی میں ملوث درندہ صفت عناصرکوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے۔ایک بیان میں حیدرعباس رضوی نے کہا کہ قوتِ سماعت اورقوت گویائی سے محروم معذوربچیوں کواغواء کے بعدزیادتی کا نشانہ بنانے کاعمل ملک بھرکے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے جس سے پوری انسانیت کا سرشرم سے جھک گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب خیبرپختونخواہ میں معصوم بچیوں پرتعلیم کے دروزاے بند کئے جارہے ہیں اورانہیں بے پردگی کے نام پرقتل وغارت گری کا نشانہ بنایاجارہا ہے جبکہ دوسری طرف درندہ صفت عناصراپنی ہوس کی آگ بجھانے کیلئے معصوم بچیوں کواغواءکرکے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔حیدرعباس رضوی نے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی دونوں معذورمعصوم بچیوں کے غم زدہ والدین اوردیگراہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے اورانہیں انصاف دلانے کیلئے ہرفورم پرصدائے احتجاج بلندکرے گی۔حیدرعباس رضوی نے صدرآصف علی زرداری اور گورنروزیراعلیٰ خیبرپختونخواہ سے مطالبہ کیا کہ ہری پور میں بااثرافراد کے ہاتھوں اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی معصوم بچیوں کوفوری انصاف فراہم کیا جائے اوراجتماعی زیادتی میں ملوث درندہ صفت عناصرکوگرفتارکرکے سخت سے سخت سزادی جائے۔

## جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام مظلوم قومیتوں کو انکے حقوق کے حصول کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا رکیا، گلفر از خان خٹک
## غریب ومتوسط طبقے کے ساتھ ہونیوالی گھناؤنی سازشوں کا پردہ جناب الطاف حسین کی امن وآشتی کی عملی کوششوں کی وجہ سے چاک ہو چکا
## پختون عوام 24جون 2012ءکو تاریخی جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونیوالے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں
## شرکت کر کے ایم کیو ایم مخالف سازشی عناصر کی مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں، اپیل
## ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت گلشن اقبال ٹاؤن یونٹ محمد خان یوسی 1 میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی:۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی گلشن اقبال ٹاؤن یونٹ محمد خان یوسی 12 کے تحت عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے خطاب کیا۔اس موقع پر ہزاروال معززین وعمائدین کے علاوہ ایم کیو ایم ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی، پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارجز جوائنٹ انچارجز اور ایم کیو ایم ہری پور زون کے انچارج فرحت نواز علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے گلفرز خان خٹک نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کی تمام مظلوم قومیتوں کو انکے حقوق کے حصول کیلئے ایک بہترین پلیٹ فارم مہیا کیا ہے جہاں وہ اجتماعی طور پر اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد کر کے اپنے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کر سکتے ہیں اس بات سے دو فیصد مراعات یافتہ طبقہ بھی واقف ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ پاکستان کے مظلوموں کو ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر جمع ہونے سے روکتا ہے لیکن غریب اور متوسط طبقے کے ساتھ ہونیوالی ان گھناؤنی سازشوں کا پردہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی امن و آشتی کیلئے کی جانیوالی عملی کوششوں کی وجہ سے چاک ہو چکا ہے جبکہ بعض سازشی عناصر ایم کیو ایم کی مختلف قومیتوں میں بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں اور ایم کیو ایم میں مختلف قومیتوں اور بالخصوص خیبر پختونخواہ کی عوام کی شمولیت کو روکنے اور انہیں ایم کیو ایم سے دور کرنے کیلئے سازشی ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں۔انہوں نے پختون عوام سے اپیل کی کہ 24جون 2012ءکو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے تاریخی جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے ایم کیو ایم مخالف سازشی عناصر کی مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں اور اپنے باہمی اتحاد سے ثابت کر دیں کہ شہر کراچی میں تمام قومیتوں کے عوام امن، محبت، بھائی چارگی اور یگانگت کو فروغ دینے کیلئے ایم کیو ایم اور اس کے قائد جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔کارنر میٹنگ سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، ایم کیو ایم ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج شکیل عباسی، جوائنٹ انچارجز محمد کمال اور سیّد وقار حسین شاہ اور ایم کیو ایم ہری پور زون کے انچارج فرحت نواز نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون کے کارکن اعجاز احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم یوسی C-4 کے کارکن اعجاز احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی تحریکی خدمات پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مرحوم کے انتقال سے مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک کارکن غم زدہ ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔22، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم یوسی C-4 کے کارکن اعجاز احمد، قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن یاسین دانش کے صاحبزادے عبد لحنان، نوابشاہ زون رند یونٹ کے انچارج فرحان علی شیخ کے والد یوسف علی شیخ، دادو زون یونٹ سیال یونٹ کی کمیٹی کے رکن شفیق احمد لاڑک کے والد محمد یعقوب لاڑک، لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد فیصل کے والد محمد اسماعیل اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن عارف الرحمٰن ے والد سیّد شمیم الرحمٰن کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام

عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ٹھٹھہ زون گھارو یونٹ کے کارکن گوپال داس کے بڑے بھائی راجو داس کے انتقال پر بھی دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆